# COVID-19 ویکسین کی حقائق کی شیٹ برائے اطفال اور نوجوانان

12 تا 17 سال کی عمر کے بچوں اور نوجوان افراد کی COVID-19 ویکسینیشن کے متعلق ان 10 چیزوں کو جاننا ضروری ہے۔

1. **12 سال اور زائد عمر کے بچوں اور نوجوان افراد کی ویکسینیشن محفوظ اور موثر ہے۔**

ویکسینز محفوظ، موثر اور COVID-19 سے تحفظ فراہم کرنے کا بہترین طریقہ ہیں۔

ہیلتھ کینیڈا (Health Canada) نے 12 تا 17 سال کی عمروں کے نوجوان افراد کے لیے Pfizer-BioNTech ویکسین کی اجازت دی ہے اور تعین کیا ہے کہ یہ نوجوان افراد کے لیے محفوظ ہے اور اس کے کوئی سنگین ضمنی اثرات برآمد نہیں ہوتے ہیں۔

امریکہ میں 12 تا 17 سال کی عمر کے افراد کو Pfizer-BioNTech ویکسین کی تقریباً 3 ملین سے زیادہ خوراکیں پہلے ہی دی جا چکی ہیں۔ عمر کے اس گروپ میں کسی بھی سنگین ضمنی اثرات کی نشاندہی نہیں ہوئی ہے۔

کلینکل آزمائشوں میں، Pfizer-BioNTech نے 12 سال اور زائد عمر کے افراد میں COVID-19 کے خلاف تحفظ میں انتہائی موثر ہونے کا مظاہرہ کیا ہے۔ ویکسینیشن کے بعد نوجوانوں کے مدافعتی نظام کا ردعمل اکثر بہت اچھا ہوتا ہے، جس کا نتیجہ طاقتور تحفظ کی صورت میں نکلتا ہے۔

2. **بالغان کی طرح، بچوں کو بھی عارضی ضمنی اثرات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔**

ویکسینیشن حاصل کرنے کے بعد سامنے آنے والے ضمنی اثرات ہر شخص کے لیے مختلف ہوتے ہیں، اور زیادہ تر معمولی اور آسانی سے قابل برداشت ہوتے ہیں۔ بازو کے بالائی حصے میں جہاں ویکسین لگائی جاتی ہے، آپ کا بچہ وہاں سوزش یا تکلیف محسوس کر سکتا ہے۔ وہ تھکاوٹ، سر درد، پٹھوں یا جوڑوں میں درد اور بخار یا ٹھنڈ لگنا بھی محسوس کر سکتے ہیں۔ یہ ضمنی اثرات عموماً 1 تا 3 دنوں میں ختم ہو جاتے ہیں۔ یہ اس بات کی مثبت علامت بھی ہیں کہ ویکسین اثر کرنا شروع ہو چکی ہے۔

3. **بچوں اور نوجوان افراد کے لیے ویکسینز اہم ہیں کیونکہ وہ COVID-19 سے متاثر ہو سکتے ہیں اور خواہ ان میں علامات موجود نہ ہوں، مگر پھر بھی دوسروں کو منتقل کر سکتے ہیں۔**

وہ بچے جو COVID-19 کا شکار ہوتے ہیں وہ معمولی علامات کا سامنا کرتے ہیں - تاہم، دیگر افراد بہت زیادہ بیمار ہو سکتے ہیں، انہیں اسپتال میں داخل ہونے کی ضرورت ہو سکتی ہے اور وہ زیادہ سنگین اور طویل مدتی علامات کا سامنا کر سکتے ہیں۔ انتہائی کم کیسز میں، وائرس بچوں میں موت کی وجہ بھی بن سکتا ہے۔ بچے ایسے افراد تک بھی وائرس کو پھیلا سکتے ہیں جو ہو سکتا ہے بیماری کے شدید خطرے کی زد پر ہوں۔

4. **زیادہ تر افراد، بشمول طبی عارضے کا شکار کسی بھی فرد کے لیے ویکسین نہایت محفوظ ہے۔**

وہ افراد جو ایسی ادویات استعمال کرتے ہیں جو ان کے مدافعتی نظام کو کمزور کرتی ہیں یا وہ افراد جنہیں ویکسین کے اجزا سے الرجی ہیں انہیں اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے مشاورت کر لینی چاہیئے۔ COVID-19 ویکسینز میں انڈے، جیلیٹن (پورک)،

گلوٹین، پودوں سے حاصل ہونے والا دودھیا مادہ لیٹیکس، اشیاء کو محفوظ کرنے کے مواد، اینٹی بائیوٹکس یا ایلومینیم شامل نہیں ہیں۔

چونکہ طبی عارضوں کا شکار افراد COVID سے متاثر ہونے کی صورت میں مزید بیمار ہونے کے شدید خطرے سے دوچار ہوتے ہیں اس لیے ہم ایسے افراد کی بھرپور حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ جتنا جلدی ہو سکے ویکسین لگوا لیں۔

بالغان میں، ویکسین سے الرجیک ردعمل کی صورتیں نہایت کم ہیں۔ علامات میں سرخ دانوں کا نکلنا، چہرے، زبان یا حلق کا سوجنا، یا سانس لینے میں دشواری ہونا شامل ہیں۔

جب ویکسین حاصل ہو جائے، تو افراد سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ ویکسینیشن کے بعد 15 تا 30 منٹس کے لیے کلینک میں ہی رکے رہیں تاکہ اگر کوئی الرجیک ردعمل سامنے آئے تو اس کی نگرانی اور علاج کیا جا سکے۔

ہیلتھ کینیڈا نے ابھی تک 12 سال سے کم عمر بچوں کے لیے COVID-19 ویکسینز کی منظوری نہیں دی۔

**5. ویکسین کی وجہ سے آپ COVID-19 کا شکار نہیں ہو سکتے۔**

Pfizer-BioNtech COVID-19 ویکسین آپ کے جسم کی رہنمائی کرتی ہے کہ وہ کیسے ایسا بے ضرر پروٹین تیار کر سکتا ہے جو کہ COVID-19 وائرس پر پایا جاتا ہے اور اس کے خلاف اینٹی باڈیز تیار کرنا شروع کر دیتی ہے، اس طرح اگر آپ اصل وائرس کا شکار ہوں گے تو آپ کا مدافعتی نظام اس چیز سے واقف ہو گا کہ اسے اصل وائرس کو کیسے شناخت کرنا ہے اور اس کے خلاف کیسے لڑنا ہے۔

**6. اگر آپ کا بچہ پہلے ہی COVID-19 کا شکار رہ چکا ہے، تو تب بھی وہ ویکسین حاصل کر سکتے ہیں۔**

اگرچہ COVID-19 کا پیشگی انفیکشن دوبارہ بیمار ہونے سے کچھ تحفظ فراہم کر سکتا ہے، لیکن ہم یہ نہیں جانتے کہ یہ تحفظ کتنے عرصے تک برقرار رہے گا، اور ممکن ہے کہ یہ نئے ویریئنٹس کے خلاف تحفظ نہ کر سکے۔ اگر آپ COVID-19 سے صحت یاب ہو رہے ہیں، تو آپ کو ویکسین حاصل کرنے میں تب تک تاخیر کرنی چاہیئے جب تک کہ آپ کی زیادہ تر علامات دور نہ ہو جائیں اور آپ مزید ذاتی علیحدگی اختیار نہ کر رہے ہوں۔

**7. صحت کارڈ کی کوئی ضرورت نہیں۔**

اگر آپ کے بچے کے پاس صحت کارڈ نہیں ہے، تو آپ کو آن لائن کے بجائے فون پر اپنی اپائنٹمنٹ طے کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے، اور آپ اپنے اسکول، طبی سہولت فراہم کنندہ یا روحانی پیشوا سے ایسا خط حاصل کرنے کے لیے بات کر سکتے ہیں جس میں آپ کے بچے کا نام، تاریخ پیدائش اور پتہ درج ہو۔

اگر آپ کے بچے کا صحت کارڈ ہے، تو انہیں چاہیئے کہ وہ اسے اپائنٹمنٹ کے موقع پر اپنے ہمراہ لائیں۔

**8. COVID-19 ویکسین کو علیحدہ طور پر، اور اگر ممکن ہو تو دیگر ویکسیز کے علاوہ دیا جانا چاہیئے۔**

دیگر ویکسینز کو COVID-19 ویکسین کی فراہمی سے 14 دن پہلے یا 28 دن بعد شیڈول کیا جانا چاہیئے۔ اگر آپ اپنے بچے کی امیونائزیشنز میں پیچھے ہیں، تو اپنی تمام ویکسینز پر اپ ٹو ڈیٹ ہونے کی غرض سے ایک پلان بنانے کے لیے براہ کرم ان کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

**9. ویکسینز فراہم کردہ معلومات پر رضامندی کی صورت میں فراہم کی جاتی ہیں۔**

جب فراہم کردہ معلومات پر فرد، بشمول 12 تا 17 عمر کے افراد کی رضامندی حاصل ہو جائے، اور جب تک ان میں یہ فیصلہ کرنے کی صلاحیت ہو صرف ان صورتوں میں COVID-19 ویکسینز فراہم کی جاتی ہیں۔ اس کا مطلب علاج کو سمجھنا ہے، کہ یہ کیوں تجویز کیا گیا ہے، اور اگر وہ ویکسین لگوانے کو قبول کرتے یا مسترد کرتے ہیں تو اس کے خطرات اور فوائد کیا ہیں۔ اگر فرد ویکسین حاصل کرنے کے لیے رضامندی کے اظہار سے قاصر ہے، تو انہیں اپنے متبادل فیصلہ ساز، جیسا کہ اپنے/اپنی والد/والدہ یا قانونی سرپرست کی رضامندی درکار ہوگی۔

نگہداشت صحت فراہم کنندہ اور خاندان پر ویکسینیشن سے متعلق نوجوان شخص کے فیصلے کا احترام لازم ہے۔ والدین اور سرپرستوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کلینک تشریف لانے سے پہلے ویکسینیشن کے بارے میں اپنے بچوں سے گفتگو کریں۔ اونٹاریو میں مقیم ہر اہل شخص کے لیے COVID-19 ویکسینیشن رضاکارانہ ہے۔

**.10 COVID-19 ویکسین حاصل کرنا آپ کے بچے کی ان سرگرمیوں کے دوبارہ آغاز میں مدد کرے گا جن سے وہ لطف اندوز ہوتے ہیں اور ان کی دماغی صحت اور بہبود میں معاونت کرے گا.**

COVID-19 کا پھیلاؤ روکنے میں مدد کے لیے ویکسینیشن ایک اہم ذریعہ ہے اور طلبا اور خاندانوں کو محفوظ طور پر عام سرگرمیوں کے دوبارہ آغاز کی اجازت دیتی ہے۔

جب لوگوں کی بڑی تعداد COVID-19 سے محفوظ ہو جائے گی، تو آپ کے بچے کو انفیکشن کا خطرہ بھی کم ہونا شروع ہو جائے گا۔ ویکسینز، ماسک پہننے، جسمانی فاصلہ رکھنے اور دیگر احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے ساتھ، ایک بڑی کمیونٹی کی صحت کے تحفظ میں مدد کر سکتی ہیں۔ جب ایک بڑی کمیونٹی میں COVID-19 کی شرح کم ہو جائے گی صرف تب بچوں اور نوجوانوں کے لیے عام سرگرمیاں ممکن ہو سکیں گی۔

**COVID-19 اور ویکسین کے بارے میں مزید معلومات اور وسائل کے لیے:**

- **COVID-19** ویکسین کی معلوماتی شیٹ
- **COVID-19** آپ کو اپنی COVID-19 ویکسین اپائنٹمنٹ کے بارے میں کیا جاننے کی ضرورت ہے
- 300 سے زائد زبانوں میں مدد اور معلومات حاصل کریں۔ COVID-19 ویکسین کے بارے میں معلومات کے لیے **1-888-999-6488** **(TTY: 1-866-797-0007)** پر کال کریں۔ ہفتے میں 7 دن، صبح 8:00 بجے اور شام 8:00 بجے کے درمیان فون لائنز دستیاب ہیں۔ اپنی زبان کے متعلق پوچھنے کے لیے 3 دبائیں۔ اگر کالز کی تعداد زیادہ ہوئی، تو ہو سکتا ہے کہ کسی سے بات کرنے کے لیے آپ کو انتظار کی زحمت اٹھانی پڑے۔